● LIVE NOW The Centre is broadcasting

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · ACTS & SUPPLICATIONS IN SEVEN CHAPTERS

Merits of Tasbeehaat'e Arabah

فضیلت تسبیحات اربعہ

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

It is recommended to glorify Almighty Allah with the 4 Words of Glorification. Al-Tusi, Ibn Baabwayh, and Himyari, through authentic chains of authority, reported Imam Sadiq (a) as quoting the Holy Prophet (s) to have said to his companions, “If you amass all your vessels and furniture, will they reach the sky?” “No, they will not,” they answered. The Holy Prophet (s) said, “May I guide you to something whose origin is in the earth and branch in the heavens?” “Yes, you may,” they answered. The Holy Prophet (s) instructed, “When you accomplish your prayers, you may say the 4 Words of Glorification 30 times, because the origin of these words is in the earth while their branch is in the heavens. They fend off fire, drowning, demolishing, falling into wells, being devoured by a beast, violent death, and all evils that are sent down from the heavens at that day. These words are the ever-abiding, good works as mentioned in the Holy Qur’an.” According to other authentic chain of authority, Imam Sadiq (a) is reported to have said, “Whoever utters these 4 Words of Glorification 40 times immediately after every obligatory prayer before he moves from his prayer-place, whatever he asks will be granted to him.” Al-Qutb Rawandi has reported that Imam Ali Ameer-ul-Momineen (a) said to Bara’ ibn Azib, “May I guide you to a matter that if you do, you will be a true intimate servant of Allah?” “Yes, you may,” answered Bara’. The Imam (a) said, “You may glorify Almighty Allah with the 4 Words of Glorification 10 times after each prayer. If you do so, 1000 ordeals, one of which is apostasy, will be warded off from you; and 1000 ranks, one of which is being in the vicinity of your Prophet Muhammad (s), will be hoarded for you for the Hereafter.”...

شیخ طوسیؒ، ابن بابویہؒ اور حمیری نے صحیح اسناد کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ ایک دن حضرت رسول اللہؐ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: اگر تم اپنے تمام مال و اسباب اور اشیاء و ظروف میں سے ہر ایک کو دوسرے پر رکھتے چلے جاؤ تو کیا وہ آسمان تک پہنچ جائیں گے؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: آیا تم چاہتے ہو کہ میں تمہیں ایسی چیز تعلیم کروں کہ جس کی جڑیں زمین اور شاخیں آسمان تک گئی ہوں؟ سب نے عرض کیا: ضرور! یارسولؐ اللہ! اس وقت آپؐ نے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد ۳۰ مرتبہ تسبیحات اربعہ پڑھو۔ ہاں یہ وہ کلام ہے کہ جس کی جڑیں زمین میں اور شاخیں آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں، یہ انسان کو چھت تلے دبنے، پانی میں ڈوبنے، کنوئیں میں گرنے، درندوں کے چیرنے پھاڑنے، بدتر موت اور آسمان سے آنے والی بلائوں سے بچاتا ہے، یہی ان باقیات الصالحات میں ہے جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔ دیگر صحیح اسناد کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص ہر فریضہ نماز کے بعد اپنی جگہ چھوڑنے سے پہلے ان تسبیحات اربعہ کو ۴۰ مرتبہ پڑھے تو وہ خدا سے جو کچھ مانگے وہ اسے عطا فرمائے گا۔ صحیح سند کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص فریضہ نماز کے بعد ۳۰ مرتبہ کہے تو اس کے بدن پر موجود ہر گناہ ساقط ہو جائے گا۔ قطب راوندی نے روایت کی ہے کہ امیر المومنینؑ نے براء بن عازب سے فرمایا: آیا چاہتے ہو کہ میں تمہیں ایسی بات بتائوں کہ جسے بجالانے سے تم خدا کے پکے اور سچے دوست بن جاؤ؟ اس نے کہا کہ ضرور فرمائیے! آپ نے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد ۱۰ مرتبہ تسبیحات اربعہ پڑھ لیا کرو! جب تم ایسا کرو گے تو دنیا میں تم سے ۱۰۰۰ بلائیں دور ہوں گی جن میں سے ایک مرتد ہونا بھی ہے نیز تمہارے لیے آخرت میں ۱۰۰۰ مرتبے ذخیرہ کر دیئے جائیں گے جن میں سے ایک مرتبہ یہ بھی ہے کہ تم نبی کریمؐ کی ہمسائیگی میں ہو گے۔۔۔

Free to read, copy and share

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔

SUBHAANA ALLAAHI WAL-HAMDU LILLAAHI WALAA ILAAHA ILLAA ALLAAHU WALLAAHU AKBAR.

All glory be to Allah, all praise be to Allah, there is no god save Allah, and Allah is the Greatest.

پاک ہے اللہ اور حمد اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگ تر ہے۔

> According to another authentic tradition, Imam Sadiq (a) is also reported to have said, "The frequent remembering that Allah, the Exalted, has praiseworthily mentioned within His Glorious Wording is to repeat the following doxology 30 times after every obligatory prayer...

ایک اور صحیح حدیث میں آنجناب ہی سے منقول ہے کہ خدا نے قرآن مجید میں جس ''ذکر کثیر'' کا ذکر فرمایا ہے اور اس کی ستائش کی ہے وہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد ۳۰ مرتبہ یہ کہا جائے۔۔۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ۔

SUBHAANA ALLAAH.

Glory be to Allah.

خدا پاک و منزہ ہے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/merits-of-tasbeehaate-arabah-4061 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.